© rasailojaraid.com

**موت** برحق ہے' کوئی اس سے بھاگ نہیں سکتا
اپنے وقت پر وہ آ لے گی

موت کے بعد کیا ہونا ہے؟
لوگ جو اندازے کریں' ہم مسلمان علم رکھتے ہیں'
جانتے ہیں کیا ہونا ہے' بیان کرتے ہیں
ایک دوسرے کو بتاتے ہیں' پڑھتے ہیں' سنتے ہیں
آخرت کے تذکرے کی کمی نہیں
ہر مرنے والا' ہر جنازہ یاد دلاتا ہے

**مگر ---ہم بھولے رہتے ہیں**

— نماز پڑھتے نہیں' پڑھتے ہیں تو حضوری قلب کے بغیر
— کاروبار کرتے ہیں تو نفع کے لیے بدمعاملگی سے نہیں چوکتے
— ٹھیکے داری کرتے ہیں تو دھوکا دینے میں تکلف نہیں کرتے
— ورثہ تقسیم کرتے ہیں تو دوسروں کے حق غصب کرتے ہیں
— نظر کی حفاظت نہیں کرتے' خیانت کو گناہ نہیں سمجھتے
— اسی طرح' کتنے ہی مواقع' کتنے ہی موڑ' کتنے ہی فیصلے......

ہم یقیناً بھول جاتے ہیں۔
چند گز کی قبر ہی آخری ٹھکانا ہے! جنت کی ہوائیں؟ یا نارِ جہنم کی لپٹیں؟

**ہم کیوں بھول جاتے ہیں؟**
**ہم اتنے کوتاہ نظر' کوتاہ اندیش کیوں ہیں؟**

(خیرخواہ)

© rasailojaraid.com